نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں صوبہ میں کپاس کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

رواں سیزن پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت جائے گی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور، 03 اپریل 2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی کاشت کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار کپاس کی اگیتی کاشت کی مہم چلائی گئی جس کے حوصلہ افزا نتائج بر آمد ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کپاس کی کاشت بارے جاری مہم کے سلسلہ میں محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، چیئرمین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، عبدالقیوم، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، صدر کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر، کاٹن ایکسپرٹ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت محکمہ زراعت وانہار کے افسران شریک ہوئے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ کپاس کی بحالی کیلئے جاری خصوصی مہم کو ہر سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ پہلے مرحلے میں کپاس کی کاشت کے مقرر کردہ ہدف کا 80 فیصد سے زائد حاصل کر لیا ہے جبکہ اسی جوش و جذبہ سے مہم جاری رہی تو آئندہ 2، 3 روز میں مقرر کردہ ہدف کے قریب پہنچ جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رواں سیزن پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت جائے گی۔ کپاس کی کاشت اور پیداوار کے ہدف کے حصول کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے خصوصی مراعاتی پیکج کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت کا دوسرا مرحلہ 30 اپریل تک جاری رہے گا۔ محکمہ زراعت اور کاشتکار کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے پرعزم ہے۔ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت کے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ کپاس کو زیادہ منافع بخش بنانے کیلئے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ناگزیر ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں کپاس کے اہداف کے حصول کیلئے فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے اجلاس کے شرکا کو بریفنگ دی۔ بعد ازاں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان میں زیر تعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا۔ دورہ کے دوران انہوں نے ماڈل ایگریکلچر مال کے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔

-0-0-0-0-0-